جامعہ رحمانیہ۔

E-4/ بلاک 8/ گلشن اقبال کراچی۔

گلشن اقبال، کراچی جیسے مرکزی علاقے میں "**رحمانی ٹرسٹ**" کے مرکزی آفس کے مقام پر 2000ء میں "جامعہ رحمانیہ" کے نام سے ایک ادارے کا قیام عمل میں لایا گیا۔ جہاں حفظ و ناظرہ کے ساتھ ساتھ ترجمۂ قرآن، فہم دین کورس، عالمہ کورس، تجوید و قرأت کورس، کی تعلیم و تدریس کا اہتمام بھی ہو رہا۔ پھر عمارت کی تعمیر نو اور جامع مسجد رحمانیہ کی تعمیر و توسیع کے پیشِ نظر عالمہ کورس اور فہم دین کورس کو معطل کر دیا گیا۔ تاہم دیگر شعبہ جات میں تعلیم و تدریس کا عمل جاری رہا۔

اب الحمدللہ! جامع مسجد رحمانیہ کی تعمیر و توسیع اور تزئین و آرائش تقریباً مکمل ہو چکی ہے۔ اور اس سے ملحق ہی مدرسۂ جامعہ رحمانیہ کی دو منزلہ نئی عظیم الشان عمارت تعمیر ہوئی ہے۔ اب یہاں الحمدللہ مسجد و مدرسہ میں کم و بیش 212 طلبہ و طالبات 14/ معلمین و معلمات کی زیر نگرانی قاعدہ و ناظرہ، حفظ القرآن، ترجمۃ القرآن، تجوید و قرأت، فنِ نعت خوانی و خطابت، انگلش لینگویج وغیرہ کے شعبہ جات میں تحصیل علم کی سعادت حاصل کر رہے ہیں۔

جبکہ انشاء اللہ مستقبل قریب میں یہاں آن لائن قرآنی تعلیم، کمپیوٹر کورسز، ڈیجیٹل لیب اور دیگر شعبہ جات بھی قائم کیئے جائیں گے۔ جس کیلیئے اہلِ ثروت ومُخیّر حضرات سے بھرپور مالی وعملی تعاون کی درخواست ہے۔

ان مدارس رحمانیہ میں دینی وقرآنی تعلیم کی مد میں کوئی فیس نہیں وصول کی جاتی جبکہ اسکولز میں نہایت کم فیسز وصول کی جاتی ہیں۔ تاکہ نادار اور کم آمدنی والے والدین اپنے بچوں کو زیورِ تعلیم سے آراستہ کرسکیں۔ دوسری طرف مہنگائی میں ہوش رُبا اضافے کی وجہ سے ان مدارس واسکولز میں وصول کی جانے والی فیسز اور پڑھانے والے اساتذہ وٹیچرز کی تنخواہوں اور یوٹیلیٹی بلز کی مد میں اُٹھنے والے اخراجات کا فرق بہت زیادہ ہوگیا ہے اور اب بھی اساتذہ وٹیچرز کی تنخواہیں مناسب سطح پر نہیں ہیں اور اُن کی تنخواہوں کو مناسب سطح تک لانا نہایت ضروری ہے۔ تاکہ وہ دلجمعی کے ساتھ اپنے فرائضِ منصبی ادا کرسکیں۔ اِن دو وجوہات کے ساتھ ساتھ تیسری وجہ مسلسل تعمیراتی کاموں کا جاری رہنا بھی ہے۔

اس تناظر میں آپ کو بھلائی اور خیر اور سراسر نیکی کے اس کام میں مالی وعملی تعاون کی ترغیب دی جارہی ہے۔ کہ اگر اللہ رب العزت نے آپ کو استطاعت سے نوازا ہے تو آیئے قدم بڑھایئے اور تعلیم کے فروغ میں ہماری معاونت فرمایئے۔ یہ آخرت کی تجارت ہے۔ اور اس میں کوئی نقصان نہیں ہے، بلکہ نفع ہی نفع ہے۔

اللہ رب العزت دونوں جہاں میں آپ کو اس کی

جزاعطا فرمائے۔

آمین ثم آمین بجاہِ سید الانبیاءِ والمرسلین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

الداعی الی الخیر

الحاج حافظ راؤ نعمان احمد خاں ممتازی رحمانی عفی عنہ

مہتمم مدارسِ رحمانیہ وصدر رحمانی ٹرسٹ

گلشن اقبال ر کراچی۔

30ر دسمبر 2020ء بمطابق 14ر جمادی الاوّل 1442ھ